چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد

روزنامہ خبریں ملتان

Daily KHABRAIN

ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 17 | اتوار یکم ذی الحج 1429ھ 30 نومبر 2008ء 16 مگھر 2065ب صفحات 28 قیمت 12 روپے | شمارہ 181

ممبر ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیونٹی مسز فرح ہارون اور پراجیکٹ کوآرڈینیٹر مسز شگفتہ بلال تقریب سے خطاب کر رہی ہیں۔

ہیلتھ پراجیکٹ کے ذریعے مقامی سطح پر حکومت کے صحت ایجنڈا کی تکمیل ممکن ہو سکے گی، مسز فرح ہارون

ڈیرہ غازی خان (نمائندہ خصوصی) کمیونٹی فیسیلیٹرز کا مقصد کمیونٹی اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے دوران پل کا کردار ادا کرنا اور مقامی بنیادی مرکز صحت میں سہولیات کی کمی کو دور کرنا اور کمیونٹی کے تعاون سے مقامی وسائل سے مسائل کا حل کرنا ہے۔ القائم کی کوشش سے تکمیل ہیلتھ پراجیکٹ کے ذریعے مقامی سطح پر موجودہ حکومت کے صحت ایجنڈا کی تکمیل ممکن ہو سکے گی۔ یہ بات مسز فرح ہارون ممبر ضلع کونسل و ممبر ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی نے القائم وومن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے یو ایس ایڈ کے تعاون سے چلنے والے تکمیل ہیلتھ پراجیکٹ کے تحت کمیونٹی فیسیلیٹرز کی پانچ روزہ ٹیکنیکل ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ مسز شگفتہ بلال نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ تکمیل ہیلتھ پراجیکٹ کا مقصد مقامی بنیادی مرکز صحت میں ادویات، مشینری اور پانی جیسی سہولیات کو مہیا کرنے کیلئے مقامی سطح پر کوشش کرنا ہے۔ اس وقت القائم تکمیل ہیلتھ پراجیکٹ ڈیرہ غازی خان کی 8 یونین کونسل کے بنیادی مرکز صحت کی کمیونٹی میں کام کر رہی ہے جس میں یونین کونسل معموری، ٹھٹھہ گبولاں، آرا جعفر، خان پور، عالی والا، غوث آباد، جھوک اترا اور شیرو شامل ہیں۔ ایک مرد اور ایک عورت ان یونین کونسل میں بطور کمیونٹی فیسیلیٹرز کام کریں گے۔ آخر میں مسز رقیہ صدر القائم وومن ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن نے فیلڈ سٹاف سے خطاب کیا۔